

4435CH04

# 4 فطرت کی آغوش میں

## جنگل کے راستے سفر

رینا اور امِت اپنے خاندان کے ساتھ ایک سفر کے بارے میں سن کر بہت خوش تھے۔ وہ لوگ جنگل کے قریب واقع اپنے گاؤں جا رہے تھے۔ یہ فصل کی کٹائی کے ایک تہوار کا موقع تھا۔ اس کے علاوہ بھی یہ ایک خاص موقع تھا۔ اس دن، ان کا گاؤں پوری طرح شمسی توانائی سے چلنے والا ایک گاؤں بننے والا تھا! اس جشن کے موقع پر پورے گاؤں کو شمسی توانائی سے جگمگاتا دیکھنے کے لیے وہ لوگ بہت بے چین تھے۔

© NCERT not to be republished






## گاؤں میں استقبال!

جیسے ہی وہ لوگ گاؤں میں داخل ہوئے، بچوں نے دیکھا کہ درخت نارنجی-سرخ پھولوں سے لدے ہوئے ہیں۔

رینا نے پوچھا، ''ان پھولوں کو کیا کہتے ہیں؟'' اس کے والد نے مسکراتے ہوئے کہا، ''یہ پلاش کا پیڑ ہے۔ جب اس پیڑ پر پھول آتے ہیں تو پورا جنگل دور سے سرخی مائل-نارنجی رنگ میں رنگا نظر آتا ہے۔ اسی لیے پلاش کو 'جنگل کا شعلہ' کہا جاتا ہے۔''

### سرگرمی 1




1. اپنے علاقے کے پانچ رنگین پھولوں کے نام لکھیے۔ مثال کے طور پر پلاش کو گجرات میں کیسوڈا کہا جاتا ہے۔

| پھول کا نام | مقامی نام | اپنی پسند کے پھول کی تصویر بنایئے اور اس میں رنگ بھریے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

**ٹیچر کے لیے ہدایت**

ٹیچر طلبا کے ساتھ اس بارے میں بات کریں کہ پنکھے اور بلب جیسی چیزوں کے لیے بجلی پیدا کرنے کی غرض سے سولر پینلوں کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished



جشن منانے کے لیے گاؤں کو قرینے سے سجایا گیا تھا۔

**امِت:** اوہو! یہ مکانات شہر کے مکانوں سے کتنے الگ نظر آتے ہیں۔ دیواروں کی سجاوٹ کتنی خوب صورت ہے!

**ماں:** امت، یہ مکانات مٹی، بھوسے، گائے کے گوبر اور دیگر قدرتی سامان سے تیار کیے جاتے ہیں۔ دیکھو، یہ پینٹنگ تمھاری دادی نے تیار کی ہے۔ انھوں نے اس میں دھان کے آٹے اور پانی سے تیار کیا گیا رنگ استعمال کیا ہے۔

**ٹیچر کے لیے ہدایت**

ٹیچر قدرتی سامان سے تیار کیے گئے مکانات کے فائدے کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

## سرگرمی 2

قدرتی سامان جیسے مٹی، لکڑی کے ڈنڈے، بھوسا، گھاس، پتیاں وغیرہ کا استعمال کرتے ہوئے مکان کا ایک ماڈل تیار کیجیے۔ اس کو اپنی پسند کی آرٹ سے سجائیے۔



رینا اور امت نے گھر کے اندر کھیلنا شروع کیا۔ انھوں نے دیکھا کہ ان کی دادی ایک کپڑے پر پینٹنگ کر رہی ہیں۔ امت نے رنگ کے بارے میں پوچھا۔ دادی نے بچوں کو بتایا کہ یہ رنگ پھولوں اور پتّوں کے قدرتی رس اور پسے ہوئے رنگین پتھروں سے تیار کیا گیا ہے۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

گونڈ آرٹ قدرتی رنگوں کا استعمال کرتے ہوئے دیوار پر بنائی گئی ایک قسم کی پینٹنگ ہوتی ہے۔ فن کار قدرتی اشیا جیسے درختوں، جانوروں، پرندوں اور انسانوں کی تصویریں بناتے ہیں۔



## سرگرمی 3

آیئے ایک قدرتی رنگ تیار کریں۔



مرحلہ 1. رنگنے کی خصوصیات والے کچھ پھولوں، پتوں، چھالوں اور جڑوں جیسے چقندر، گڑھل اور گیندے کے پھول جمع کیجیے۔



مرحلہ 2. جمع کیے گئے کسی پودے کے حصوں کو ایک- دو لیٹر پانی میں 30 منٹ سے لے کر ایک گھنٹے تک ابالیے۔ دھیان رہے کہ برتن پلیٹ سے ڈھکا رہے۔ (اس سلسلے میں براہ کرم اپنے ٹیچر یا گھر کے کسی بڑے فرد کی مدد لیجیے۔)

مرحلہ 3. اب پانی میں ڈال کر ابالی گئی پتیوں کو چھان لیجیے۔ اس طرح قدرتی رنگ حاصل ہو جائے گا۔



اب اپنے تیار کردہ رنگ سے کپڑے کے ایک ٹکڑے جیسے ہلکے رنگ کے رومال یا دستی تولیے کو رنگنے کی کوشش کیجیے۔ دھیان رہے کہ آپ کو کپڑا رات بھر بھگو کر رکھنا ہے اور اگلی صبح اسے نچوڑ کر سکھانا ہے۔

© NCERT not to be republished

بچے کاشت کاری اور شہد نکالنے کے لیے استعمال ہونے والے اوزار کو دیکھنا چاہتے تھے۔ گھر میں اناج جمع کرنے کے لیے مٹی کے برتن اور بانس کی ٹوکریاں رکھی تھیں۔ مٹی کے برتن اندر کی طرف ایک لائن میں رکھے تھے، جن پر نیم کی پتیاں بھی نظر آئیں۔ بانس کی ٹوکریوں کے باہری حصّے کو گائے کے گوبر سے پوتا گیا تھا۔ اس طریقے سے ذخیرہ کیا گیا اناج کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رہتا ہے۔



**ٹیچر کے لیے ہدایت**

ٹیچر طلبا کے ساتھ بات چیت کرنے اور اپنے ہنر کا مظاہرہ کرنے کے لیے کسی مقامی دست کار یا فن کار کو بھی اسکول میں بلا سکتے ہیں تاکہ طلبا مقامی طرز کے آرٹ کو سراہ سکیں۔



## کیا آپ جانتے ہیں؟

جینوکُرُباس کرناٹک کا ایک قبیلہ ہے۔اسے یہ نام 'جینو' لفظ کی وجہ سے دیا گیا ہے، جس کا مطلب شہد ہوتا ہے۔جب یہ لوگ شہد کی مکھیوں کے چھتوں سے شہد نکالنے کے لیے جمع ہوتے ہیں تو شہد کی مکھیوں سے معافی مانگنے کے لیے گیت گاتے ہیں۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے دل میں قدرت کے لیے کتنا احترام ہے۔

## سرگرمی 4


اپنے علاقے میں اناج اور سبزیوں کو محفوظ کرنے کے کچھ روایتی طریقوں کا پتہ لگائیے اور درج ذیل جدول کو پُر کیجیے۔ایک مثال نیچے دی گئی ہے۔

| نام | عام طور پر کس ریاست میں استعمال کیا جاتا ہے | محفوظ کرنے کی جگہ کی تفصیلات |
|---|---|---|
| تُمڑی | اتراکھنڈ | اس کو گول یا لمبی سوکھی لوکیوں سے تیار کیا جاتا ہے |
| | | |
| | | |
| | | |

رینا اور امِت جشن کے لیے تیار ہو گئے۔ ان کے دادا نے باکس سے ایک بوتل نکالی، جس میں تیل جیسا کچھ بھرا ہوا تھا۔

**دادا جی:** یہ مرکب نیم کے تیل سے تیار کیا گیا ہے۔ اگر تم اس کو اپنے ہاتھوں اور پاؤں پر مل لو تو مچھر نہیں کاٹیں گے۔

**رینا:** دادا جی، کیا یہ فرسٹ ایڈ باکس ہے؟ میں نے بھی ایک فرسٹ ایڈ باکس تیار کیا ہے۔ ہم اس میں کچھ دوائیں اور مچھر بھگانے والی کریم رکھتے ہیں، جسے ہم نے بازار سے خریدی ہے۔



## 5 سرگرمی

اپنے خاندان کے بزرگوں سے بات کیجیے اور نیچے دیے گئے جدول میں پودے کا نام، اس کے حصوں اور استعمال کے بارے میں لکھیے۔

| پودے کا نام | پودے کا حصہ | استعمال |
| --- | --- | --- |
| تلسی | پتیاں | |
| اجوائن | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## بات چیت کیجیے

1. فرسٹ ایڈ باکس میں کس طرح کی چیزیں رکھی جانی چاہئیں؟

2. آپ کی رائے میں کسی کے چوٹ لگ جانے پر فرسٹ ایڈ فراہم کرنا کیوں اہم ہے؟

© NCERT not to be republished



# جگمگاتی روشنی، خوش حال زندگی

شام کو پورا گاؤں رنگ برنگی روشنی سے جگمگا اٹھا۔ ایک بڑے میدان میں سبھی لوگ جمع ہو گئے۔ لوگ روایتی کپڑے اور زیور پہنے ہوئے تھے۔ جشن شروع ہونے سے پہلے بھگوان اور پرکرتی ماں (Mother Nature) سے پرارتھنا کی گئی۔ اس کے بعد ماحول ڈھول اور نگاڑے کی آواز سے گونج اٹھا۔ جشن کے موقع پر گونجتی ہوئی تھاپ پر سبھی اپنے قدموں سے تال دینے لگے۔ امِت اور رینا بھی ان میں شامل ہو گئے اور روایتی رقص کا مزہ لینے لگے۔





## سرگرمی 6

اپنے علاقے کے روایتی رقص اور گیتوں کا پتہ لگائیے۔ اپنے اسکول کی سالانہ تقریب کے موقع پر اپنے کلاس کے ساتھیوں اور اساتذہ کی مدد سے روایتی رقص کا اہتمام کیجیے۔

## بات چیت کیجیے

تصور کیجیے کہ اگر آپ کے علاقے میں دو دن تک بجلی نہ آئے تو اس سے آپ کی زندگی پر کیا فرق پڑے گا؟

رینا اور امت اس بات پر حیران تھے کہ ان کے گاؤں والوں کا فطرت کے ساتھ کتنا خوب صورت تعلق ہے۔ دونوں سوچنے لگے کہ وہ فطرت کے لیے کیا کر سکتے ہیں اور ہر بات کے لیے فطرت کا شکریہ کس طرح ادا کر سکتے ہیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

مقدس کنج مقامی سماجوں کے ذریعے محفوظ کیے گئے چھوٹے چھوٹے جنگلی خطے ہوتے ہیں۔ ان میں موجود درختوں اور جنگلی جانوروں کا تحفظ کیا جاتا ہے۔ یہ بہت اہم مقامات ہوتے ہیں، جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں، پرارتھنا کرتے ہیں اور فطرت کی خوب صورتی کا جشن مناتے ہیں۔



© NCERT not to be republished



## 7 سرگرمی

اپنے گھر کے بزرگوں سے بات کیجیے اور اپنے علاقے میں جانوروں اور پودوں کے سلسلے میں منائی جانے والی تقریبات کا پتہ لگائیے۔

چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

| تقریب کا نام | متعلقہ پیڑ پودے / جانور | سرگرمی |
| --- | --- | --- |
| وَٹ پورنیما | برگد کا درخت | پوجا |
| ہری جروتی | پھل والے درخت | شجرکاری |
| قاضی رنگا ایلی فینٹ فیسٹیول | ہاتھی | بیداری پھیلانے کی مہم |
| | | |
| | | |

ہمارے ملک کے مختلف حصوں میں بہت سے پیڑ پودوں اور جانوروں کی پوجا ہوتی ہے۔ اس سے فطرت کا احترام کرنے اور اس کا تحفظ کرنے کی ہماری ثروت مند روایت کا پتہ چلتا ہے۔



اپنے آس پاس کے علاقے میں پیڑ پودوں اور جانوروں کی دیکھ بھال کے کچھ طریقے درج ذیل ہیں:

- کاغذ کے کچرے کو کم کیجیے۔
- پلاسٹک کو 'نا' کہیے۔
- پیڑ پودوں کو بچانے کے بارے میں بیداری پھیلائیے۔

© NCERT not to be republished



پرندوں کے لیے دانہ پانی رکھیے



پودے لگائیے





کسی صفائی مہم کا اہتمام کیجیے



## اپنی رائے کا اظہار کیجیے

1. ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں فطرت کی کن چیزوں کا استعمال کرتے ہیں؟

| سرگرمیاں | فطرت سے حاصل کردہ اشیا | | | |
|---|---|---|---|---|
| کھانے کے لیے | پھل | | | |
| پہننے کے لیے | کاٹن | | | |
| صحت کی دیکھ بھال کے لیے | نیم | | | |
| دیگر کے لیے | | | | |

2. جب ہم قدرتی وسائل کا بہت زیادہ استعمال کر لیتے ہیں تو کن چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

مثال کے طور پر، اگر ہم قدرت سے حاصل شدہ لکڑی کا بہت زیادہ استعمال کر لیتے ہیں تو جنگلات ختم ہونے لگتے ہیں۔

پانی: ________________________________

مٹی: ________________________________

سمندری مصنوعات: ________________________

دیگر: ________________________________

© NCERT not to be republished

3. ہم اپنے آس پاس کے ماحول کا تحفظ کس طرح کر سکتے ہیں؟








| گھر میں | اسکول میں | پارکوں میں | اپنے علاقے میں |
|---|---|---|---|
| | | | |

4. اپنے ہربل گارڈن کا ڈیزائن تیار کیجیے

یہاں آپ کے ہربل گارڈن (جڑی بوٹیوں کا باغیچہ) کے لیے جگہ دی جا رہی ہے۔ گارڈن کے مختلف حصوں میں اپنی پسندیدہ جڑی بوٹیوں کی تصویریں بنائیے اور ان کے نام لکھیے۔ کیا کچھ ایسی جڑی بوٹیاں بھی ہیں جو آپ کو کم پسند ہیں؟ ان کی تصویر بھی بنائیے!




© NCERT not to be republished